روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینۂ روحانیات

OCTOBER'18

ماہنامہ

خزینۂ روحانیات لاہور

جلد نمبر 9
شمارہ نمبر 6
Rs.80

دشمنی ختم کرانے کے اعمال

دشمن کی نظروں سے مستور رہنا

دشمن کی ہلاکت کے اعمال

دشمن کو دفع کرنے کے عملیات

دشمن کی زبان بندی کے اعمال

دشمن اپنی مصیبتوں میں گرفتار ہو جائے

عملیاتِ دشمن نمبر

دشمن کے شر سے حفاظت کے اعمال

دشمن کو ذلیل و رسوا کرنے کے اعمال

سخت سے سخت دشمنوں سے نجات کے سات مجرب اعمال

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazina.ruhaniyaat khazinaruhanyat

جادو، جنات، نظرِ بد کے سخت سے سخت اثرات سے متاثرہ

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا روحانی عمل کروائیے

گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی رہائش ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کی آمد و رفت ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے جادو جنات کا مسلط ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے سخت جادو کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جنات کے ذریعے شدید نظر بد کے اثرات ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں مسلسل نقصانات کا ہونا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں آگ لگتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب افراد کا اکثر بیمار رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں سب کا آپس میں لڑتے جھگڑتے رہنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کے رشتے نہ آنا
گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں بچوں کا پڑھائی میں دل نہ لگنا

خون، تیل، یا پانی کے چھینٹے آتے ہوں، ہڈیاں، سوئیاں، کیل وغیرہ پڑے ملنا
ریت، مٹی، کوئلے وغیرہ کا پڑے ملنا، تعویذات کا یا پتلے وغیرہ کا پڑے ملنا۔
چاول، دال یا دیگر کسی چیز کا اکثر پڑے ملنا
چھت یا سیڑھیوں پر دوڑنے، چلنے، اترنے کی آوازیں آنا، بچوں یا بڑوں کو ڈر لگنا
پکارنے کی آوازیں یا رونے یا ہنسنے کی آوازیں آنا
پوری عمارت یا کسی خاص کمرے یا کسی خاص حصے میں ڈر محسوس ہونا
کھڑکیوں، دروازوں، برتنوں وغیرہ کا بجنا یا حرکت کرنا
حشرات الارض کیڑے مکوڑوں کا بہت زیادہ ہونا
سانپ، کتے، بلیاں وغیرہ بہت کثرت سے موجود ہونا

وجوہات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جادو ٹونہ کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر جناتی اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر آسیبی آثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر نظر بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر نظر بد کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر بندش کے اثرات ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کے مالک پر بندش کے اثرات۔

علامات گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کرایہ پر نہ جانا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا کرایہ نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا گاہک نہ ملنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کا فروخت نہ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر گاہکوں، خریداروں کا نہ آنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس کھولنے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس پر جانے کو دل نہ کرنا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا اچاٹ ہونا ○ گھر، مکان، کوٹھی، بنگلے، فارم ہاؤس میں جا کر طبیعت کا خراب ہوجانا ○ دکان مارکیٹ پر جا کر اداس ہوجانا۔

جماعت العالمین: جو لوگ عاملین کو گھر پر یا جگہ پر بلوا کر عمل نہیں کروا سکتے وہ پاکستان اور پاکستان سے باہر گھر بیٹھے خاص عمل کروائیں۔

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ، لاہور، پاکستان
ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com 0324-7772772

خالد مقبول (سرپرست) 0323-4435861
مولانا علی آفاق (ناظم) 0324-8439477
مولانا سلیم اللہ (نائب ناظم) 0343-4686217
مولانا قاری ممتاز (رکن) 0303-4378576

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 9 صفر المظفر ۱۴۴۰ھ / اکتوبر 2018ء شمارہ 6

+KhazinaeRuhaniyaat

khazinaruhaniyaat

khazinaeruhaniyaat

khazinaeruhaniyaat.blogspot.com

khazinaeruhaniyaat@gmail.com

سالانہ ممبرشپ عام ڈاک 650 روپے، رجسٹرڈ ڈاک 1000 روپے

سالانہ ممبرشپ کوریئر (لاہور) 1050 روپے (بیرون لاہور) 1700 روپے

ممبرشپ بذریعہ Email/Whatsapp: 650 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 25 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جائے گا

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1. **منی آرڈر:** 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔
2. **شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی:** Jazz Cash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ اومنی (یوبی ایل)۔ کے ذریعہ 35202-2610215-1 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ SMS کریں۔
3. **موبائل اکاؤنٹس:** درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کروا سکتے ہیں۔ ٹیلی نار۔ یوبی ایل اومنی 03437772772 Jazz Cash 03028401977
4. **بینک ڈپازٹ:** میزان بینک میں بنام Khazina-e-Ruhaniyaat برانچ کوڈ (0288) اکاؤنٹ نمبر 0102830736 میں جمع کروائیں۔

برائے دیگر تمام شعبہ جات: میزان بینک میں بنام Darol-Amal برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0102913466 میں جمع کروائیں۔

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد 0343-7772772 پر Sms یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

دارالعمل چشتیہ

darulamalchishtia

darulamalchisht

موبائل: 0343-7772772 0322-7772772

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور 54570 فون: 042-35410586

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈووکیٹ ہائی کورٹ)

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اکتوبر 2018ء

اہم نوٹ یہ موضوع "عملیاتِ دشمن" ہمارا پسندیدہ نہیں ہے لیکن بامر مجبوری ان اعمال کو شائع کیا جارہا ہے تاکہ مظلوم اور دکھی انسانیت اپنا دفاع کرسکے اور دشمن کی زیادتیوں سے اپنے آپ کو بچاسکے۔ ان اعمال کی اشاعت اس لئے بھی ضروری ہے کہ بعض مواقع پر ان کا استعمال کرنا اور ان سے استفادہ کرنا ناگزیر ہوجاتا ہے۔ لیکن تمام عاملین یہ بات یاد رکھیں کہ اعمالِ شر کا غیر ضروری جگہوں پر استعمال یا محض کسی کو ستانے یا کسی لالچ یا ذاتی بدلہ لینے کیلئے کرنا، روحانی عملیات کی توہین کے مترادف ہوگا اور اس سے اپنی آخرت برباد ہوجائے گی۔ اسی لئے مستند مفتیانِ کرام کو اپنی حالت بتا کر کوئی بھی عمل کیجئے۔ ادارہ کسی بھی طرح کے نقصان کی صورت میں ذمہ دار نہ ہوگا۔ (ادارہ)

حمدِ باریِ تعالیٰ

بُطونِ سنگ میں کیڑوں کو پالتا ہے تُو ہی
صدف میں گوہرِ نایاب ڈھالتا ہے تُو ہی

دلوں سے رنج و الم کو نکالتا ہے تُو ہی
نفَس نفَس میں مَسرّت بھی ڈالتا ہے تُو ہی

وہ جن وانس وملک ہوں کہ ہوں چرندو پرند
تمام نوعِ خلائق کو پالتا ہے تُو ہی

بغیر لغزشِ پا تو ڈبو بھی سکتا ہے
پھسلنے والوں کو بے شک سنبھالتا ہے تُو ہی

تُو ہی تو مُردہ زمینوں کو زندہ کرتا ہے
گلوں کے جسم میں خوشبوئیں ڈالتا ہے تُو ہی

ترے ذبیح کی نازک سی ایڑیوں کے طفیل
سلگتے صحرا سے زم زم نکالتا ہے تُو ہی

نجات دیتا ہے بندوں کو ہر مصیبت سے
شکم سے مچھلی کے زندہ نکالتا ہے تُو ہی

جو لوحِ ذہنِ مُشاہدؔ میں بھی نہیں یا رب
وہ حرفِ تازہ قلم سے نکالتا ہے تُو ہی

ڈاکٹر مشاہد رضوی

اے دوست تجھ کو رحم نہ آئے تو کیا کروں
دشمن بھی میرے حال پہ اب آب دیدہ ہے

لالہ مادھو رام جوہر

..........................*.............*.............*

دن ایک ستم ایک ستم رات کرو ہو
وہ دوست ہو دشمن کو بھی تم مات کرو ہو

کلیم عاجز

نعت شریف

جب جب بھی مدینہ یاد آئے
آ آ کے مرا دل بہلائے
اذنِ حضوری جب بھی آئے
دل سے ہر غم دور ہو جائے
جو بھی اجازت اُن کی پائے
طیبہ کو وہ بھاگا جائے
اُن کے کرم کی بارش ہو تو
دل سے داغ اک اک دُھل جائے
وہ بھی آئے در پہ نبی ﷺ کے
جس کی بھی قسمت سو جائے
سمجھو دل آباد ہے اُس کا
جو طیبہ کو دل میں بسائے
آ کر یاد مجھے طیبہ کی
میرا غمگین دل بہلائے
مجھ کو یاد جب آئے روضہ
دل میرا خوش خوش ہو جائے
یادِ مدینہ ہمیشہ آ کر
میرا فسردہ دل بہلائے
آج فراقِ روضہ کے باعث
رونقِ شہر سے دل گھبرائے
جب بھی رُلائے ہجرِ مدینہ
دل اشکوں میں ڈوبا جائے
آئے نہ جب تک اذنِ حضوری
میرا دل پَل پَل گھبرائے
جب تک نہ ذکیؔ! ہو اِذنِ نبی ﷺ
کون ہے وہ جو طیبہ جائے

رفیع الدین ذکی قریشی اشرفیل

اداریہ

مولانا علی آفاق

عملیات دشمن نمبر

محترم قارئین السلام علیکم! آج بطور مدیر میں اور میری ساری خزینہ روحانیات کی ٹیم مبارک باد کی مستحق ہے کہ اس کی شبانہ روز محنت رنگ لا رہی ہے اور ہم سب اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکر بجالانے کی عملی سعی میں مصروف ہیں کہ شکر سے نعمت میں اضافہ اللہ وحدہ لاشریک لہ کا قرآنی اور سچا وعدہ ہے۔

قارئین کرام! آپ کے ہاتھوں میں خزینہ روحانیات کا سولہواں خاص نمبر ''عملیات دشمن نمبر'' موجود ہے۔ ابھی کل کی بات ہے کہ ہماری مجلس مشاورت نے فیصلہ کیا تھا کہ ایک ایسا خزینہ یا خزانہ روحانی علوم کا میگزین کی صورت میں شائع کرنے کا اہتمام کیا جائے کہ جس کے ذریعے نامور لکھاری احباب کی روحانی علوم کی خدمات اور سینے کے رازوں کو شائقین کی خدمت میں پیش کیا جائے اور ساتھ ہی ادارہ دارالعمل چشتیہ کی بنیادی اور اساسی سوچ کہ صرف عوام الناس کا علاج کر کے وظائف اور ٹوٹکے بتا کر عوامی پذیرائی اور صحت کے حصول کے لیے خالی نعرے، دعوے اور وعدے نہ کیے جائیں بلکہ عوام الناس کو روحانی علوم کے شعور کے ساتھ ساتھ روحانی مسائل سے نکالنے کے لئے ایک قابل عمل لائحہ عمل تجویز کیا جائے۔ جس کے تحت یہ فیصلہ مجھے آج بھی یاد ہے کہ علوم روحانیہ اور خزینہ روحانیات کی زینت بنانے کے ساتھ عوام الناس کو روحانی اعمال سکھائے جائیں۔ اس کی ریاضت، چلہ کشی، جنات سے رابطہ، علاج معالجہ کی اونچ نیچ سکھانے کے ساتھ ساتھ گھر کے ہر فرد ورنہ کم از کم 2 افراد کو تشخیص کرنے، روحانی اور جسمانی مسائل میں تفریق کرنے کے قابل بنایا جائے۔ ہر گھر کے کم از کم 2 افراد مرد یا عورت، جوان، بچے اور بچیاں اس قابل ہوں کہ بہو بننے کی صورت میں سسرال کو کیسے سنبھالا جائے۔ داماد بننے کی صورت میں ساس اور سالیوں کی بے جا فرمائشوں سے کیسے چھٹکارا ممکن ہے۔ نند، دیور اور جیٹھ کے رشتوں میں احترام کے ساتھ ساتھ سب کو ان کی زبان اور آنکھ سمیت ہاتھ وغیرہ کو کیسے قابو میں رکھا جائے۔ گھر کے روحانی مسائل جنات، جادو سے کیسے نمٹا جائے، بچوں کی نظر بد سے کیسے چھٹکارا پایا جائے۔ گھر کے مردوں اور بدقسمتی کے اس دور میں عورتوں کو کیسے غلط راستے، رویے اور غیر مردوں اور عورتوں سے رابطہ سے بچایا جائے۔ یہ ساری صورتحال اللہ کے فضل سے اب تک لاکھوں لوگوں کے کنٹرول میں آچکی ہے۔ میں ایسے حضرات وخواتین جن کو اب تک اپنی زندگی دکھوں، غموں، پریشانیوں اور شکووں سے بھری ہوئی لگتی تھی۔ عاملین اور ماہرین تک کو دھوکہ باز اور فراڈیے کا لقب دینے سے نہیں ہچکچاتے تھے۔ کیونکہ آج شفاء سے ہمکنار ہوئے تو صرف 15 دن میں دوبارہ مرض، جادو، جنات اور نظر بد سمیت بندش کے شکنجے میں جکڑے جاتے تھے۔ ان کو الحمد للہ علاج کے ساتھ حفاظت وحصار کے عمل کی ریاضت سے شفاء ہوگئی۔ اب رہ گئی دشمنوں کی کہانی، کیونکہ جادو، جنات، نظر بد اور چوتھی چیز دشمنی ایسی چیز ہے جس کا خود علاج کرنے کی کوشش آپ کو اور آپ کے اناڑی اور غیر ماہر معالج کو غموں اور مزید دکھوں کی دلدل میں پھنسانے کا سبب بن سکتی ہے۔ اس لئے اس موجودہ ''عملیات دشمن نمبر'' کے ذریعے آپ اپنے دشمن کے متعلق تباہی، بربادی، نجات، موت سمیت جو بھی جائز صورتحال ہوگی اس سے ہمکنار کرنے کے لئے وظیفہ تلاش کر سکتے ہیں۔ تمام وظائف مجرب، تیر بہدف اور سریع الاثر ہونے کی وجہ سے اپنا اثر فوری دکھاتے ہیں۔ سائل اپنے دشمنوں کو اس میگزین اور خزینہ روحانیات کے اس شمارے کی برکت سے ناکوں چنے چبوانے پر مجبور کر سکتا ہے۔ لہٰذا فائدہ اٹھائیں اور دعاؤں میں یاد رکھیں۔ کسی بھی تفصیل کے لئے رابطہ فرمائیں۔ 0324-7772772

دارالعمل چشتیہ کے سالانہ اجتماع کا شیڈول

مولانا سلیم اللہ ظفر

دارالعمل چشتیہ کا سالانہ روحانی، تربیتی، اصلاحی اجتماع اسلامی ماہ صفر المظفر کی 5 تاریخ کو بعد نماز عصر شروع ہو کر 8 تاریخ کو اختتام پذیر ہوگا۔

آپ حضرت کی خدمت میں اجتماع کا مختصر شیڈول پیش کیا جارہا ہے تاکہ آپ کو اجتماع کی مکمل ترتیب کا اجتماع میں تشریف لانے سے پہلے ہی علم ہو۔اس اجتماع میں آپ حزب البحر، حزب النصر کی زکوٰۃ صغیر اور کبیر کے علاوہ ہر ہر قسم کے باموکل وغیر باموکل اعمال کی بھرپور ریاضت حضرات اساتذہ کرام کی نگرانی اور سرپرستی میں کریں گے۔

5 صفر المظفر کو تمام احباب کا عصر کی نماز تک پہنچنا ضروری ہے۔ بعد نمازِ عصر تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول ﷺ سے اجتماع شریف کا آغاز ہو گا۔ تلاوت ونعت شریف کے بعد اجتماع کے اغراض ومقاصد، اجتماع کے آداب، اجتماع کے اصول وضوابط پر بیان ہوگا۔قبل از نماز مغرب اجتماع کی بھرپور کامیابی، شرکاء اجتماع کیلئے اور تمام امت مسلمہ بالخصوص دنیا بھر میں روحانی بیماروں کی شفایابی کیلئے خصوصی دعا ہوگی۔ نمازِ مغرب کی ادائیگی کے بعد تمام شرکاءِ اجتماع دعائے حزب البحر ایک بار اور دعائے حزب النصر 3 بار پڑھیں گے۔اس کے فوری بعد اجتماعی کھانے کا اہتمام ہوگا۔کھانے کے بعد تمام شرکاءِ اجتماع جن جن اعمال کی ریاضت کرنا چاہیں گے، ان کی اجازت اور مکمل طریق کار کا پرنٹ شدہ اجازت نامہ ہر ایک کو دیا جائے گا اور اس عمل کی ریاضت کی مکمل رہنمائی دی جائے گی۔ سوا 8 بجے نماز عشاء ادا کی جائے گی۔ نمازِ عشاء کے بعد تمام شرکاءِ اجتماع دوبارہ حزب البحر ایک بار اور حزب النصر 3 بار پڑھیں گے۔ اس کے بعد تمام احباب کو قہوہ پیش کیا جائے گا۔ اس کے بعد تمام شرکاءِ اجتماع اپنی اپنی مخصوص نشستوں پر تشریف لے جا کر اپنے اپنے اعمال کی ریاضت شروع فرمائیں گے۔ شرکاءِ اجتماع کی ریاضتی اعمال میں رہنمائی کیلئے بندہ کی ڈیوٹی مستقل اجتماع گاہ میں ہوتی ہے۔ سحری کا وقت ختم ہونے سے ایک گھنٹہ قبل تقریباً پونے 4 بجے دسترخوان لگا دیا جائے گا۔ تمام شرکاءِ اجتماع سحری کا اہتمام فرمائیں گے۔ نماز فجر کی اذان کے 15 منٹ بعد ادا کی جائے گی۔ بعد نمازِ فجر سورۂ یاسین شریف کی تلاوت کے بعد تمام احباب اپنی مخصوص جگہوں پر تشریف لے جا کر اپنے معمولات پورے فرمائیں گے۔ نماز چاشت کی ادائیگی کے بعد تمام شرکاءِ اجتماع تیسری بار حزب البحر ایک بار اور حزب النصر 3 بار پڑھیں گے اور اجتماع کے 3 دنوں میں حزب البحر اور حزب النصر کی اسی ترتیب اور انہیں تینوں اوقات میں بعد نمازِ مغرب بعد نمازِ عشاء اور بعد نمازِ چاشت اتنی تعداد میں ہی سب پڑھیں گے۔ نمازِ چاشت کے بعد سے لے کر نماز ظہر تک تمام احباب اپنے اپنے اعمال کی ریاضت فرمائیں گے۔ نمازِ ظہر ایک بج کر 30 منٹ پر ادا کی جائے گی۔ نمازِ ظہر کے بعد تینوں دن روحانی تربیتی کلاس ہوگی۔ روحانی لیکچر ہوں گے۔ سوالات وجوابات کی نشست ہوگی۔ روحانی علوم سیکھنے کے فوائد، روحانی علوم کی دورِ حاضر میں ضرورت، روحانی علاج کا ماہرانہ طریقہ، جادو جنات کو جڑ سے ختم کرنا، بندشیں ختم کرنے کے طریقے، روحانی علاج میں کمال حاصل کرنا، روحانی علاج میں ناکامی سے بچنے کے طریقے اور بہت سے اہم موضوعات پر لیکچر ہوں گے۔ نمازِ عصر کے بعد، چینی، نمک، تیل، پانی اور دیگر اشیاء پر تمام شرکاءِ اجتماع خصوصی دم فرمائیں گے۔ اور یہ دم ان سب اشیاء پر تینوں دن کیا جائے گا۔ قبل از مغرب، خصوصی اجتماعی دعا ہوگی اور افطاری کا اہتمام ہوگا۔ افطاری کے بعد نمازِ مغرب ہوگی۔ پھر بتلائے گئے طریقے کے مطابق حزب البحر وحزب النصر پڑھی جائے گی۔ اس کے بعد کھانا ہوگا۔ یہ ترتیب تینوں دن کی ہوگی۔ اجتماع کے آخری دن اشیاء پر دم کی ترتیب بعد نمازِ فجر ہوگی، چونکہ بعد نمازِ عصر الوداعی اختتامی تقریب ہوگی۔ آخری دن بعد نمازِ ظہر تمام شرکاءِ اجتماع کی طرف سے اجتماعی طور پر بکروں کا صدقہ ادا کیا جائے گا۔ بعد نمازِ عصر الوداعی نشست ہوگی۔ بعد نمازِ مغرب تمام شرکاءِ اجتماع کی دستار بندی اور اختتامی بیان ہوگا، خصوصی دعا ہوگی اور پھر تمام شرکاءِ اجتماع کی دعوتِ خاص ہو گی۔ اس کے بعد سب کے لیے اجتماعی ٹرانسپورٹ کا انتظام ہوگا اور سب شرکاءِ اجتماع اپنی اپنی منزل مقصود کی طرف روانہ ہوں گے۔

نوٹ: اجتماع میں تشریف لانے والے احباب اجتماع کے شرائط نامہ اور قواعد وضوابط کا ضرور مطالعہ فرمائیں۔

عملیاتِ دشمن اور شریعت

خالد مقبول حفظہ اللہ

دشمن کے لیے عملیات کی جب بھی بات کی جائے تو فوراً یہ کہا جاتا ہے کہ اس طرح کے عمل نہیں دینے چاہئیں۔ جب کہ دشمن سے بیشتر انسانوں کا پالا پڑتا ہے۔ اور کچھ تو اتنے مجبور ہو جاتے ہیں کہ ان کے پاس کوئی بھی دنیاوی تدبیر نہیں ہوتی۔

یاد رکھیں کہ عملیات ایک فن ہے اور اس میں دشمن کے لیے عملیات بھی اسی فن کا حصہ ہے۔ اس لیے عاملین کو دشمن کے عملیات کا علم ہونا بلکہ مہارت ہونا بہت ضروری ہے۔

جہاں تک یہ بات ہے کہ عملیاتِ دشمن کی شرعی حیثیت کیا ہے؟ یا دوسرے الفاظ میں کن کن مقاصد کے لیے بغیر کسی فتوے کے عمل کیا جا سکتا ہے اور کن کن مقاصد میں فتویٰ لازم ہے تو اس کی تفصیل درج ذیل ہے:

درج ذیل مقاصد کے لیے فتویٰ لینا لازم نہیں ہے۔

1. دشمن کو مطیع و فرمانبردار بنانا
2. دشمن کو مہربان کرنا
3. دشمن کو دوست بنانا
4. دشمن سے رضامندی، صلح اور حمایت
5. دشمنی ختم کرانا
6. دشمن کو شرارت سے باز رکھنا
7. دشمن کے خوف سے نجات حاصل کرنا
8. دشمن کے مقابلے میں صبر و ہمت
9. دشمن کے شر سے حفاظت
10. دشمن پر فتح
11. دشمن کی زبان بندی
12. دشمن کو دفع کرنا
13. دشمن سے نجات
14. دشمن کو شکست ہو
15. دشمن پر رعب و دبدبہ قائم ہو
16. دشمنوں کی کوئی سازش کامیاب نہ ہو
17. دشمن سے اللہ جل جلالہ انتقام لیں

درج ذیل مقاصد کے لیے فتویٰ لینا لازم تو نہیں مگر بہتر ہے کہ کسی مفتی سے مشورہ کر کے یہ عمل کریں:

1. دشمن پر غلبہ حاصل کرنا
2. دشمن کو مقہور کرنا
3. دشمن کو ذلیل و رسوا کرنا
4. دشمن اپنی مصیبتوں میں گرفتار ہو جائے
5. دشمنوں کو منتشر کرنا
6. دشمن آ کر منت کرے
7. دشمن معافی مانگنے پر مجبور ہو
8. دشمن کو کسی جگہ سے نکالنا

درج ذیل مقاصد کے لیے فتویٰ لینا لازم ہے:

کسی بھی طرح کے نقصان دہ اعمال کے لیے فتویٰ کی شرط ہے۔

1. دشمن کی نیند اور کھانا پینا باندھنا
2. دشمن کو بیمار کرنا...... مخصوص بیماری مسلط کرنا یا بیمار کرنا
3. دشمن کو کنگال کرنا
4. دشمنوں میں جدائی کروانا
5. دشمن کا قلع قمع
6. دشمن کو تباہ و برباد کرنا
7. دشمن کا گھر بار، کاروبار وغیرہ تباہ کرنا
8. دشمن کو ہلاک کرنا

عملیاتِ دشمن کب کرنا بہتر ہے؟

خالد مقبول حفظہ اللہ

دشمن کے لیے جو بھی عمل کیا جاتا ہے، وہ ''اعمالِ شر'' کے زمرے میں آتا ہے۔ اعمالِ شر سے قطعاً یہ مراد نہیں لی جاتی کہ یہ اعمال ناجائز اور حرام ہوتے ہیں۔ ناجائز اور حرام کا فیصلہ مفتیانِ کرام ہی کریں گے۔ ہمارا کام صرف فنِ عملیات کے لحاظ سے دشمن سے متعلق عملیات کا بیان کرنا ہے۔

فنِ عملیات میں وقت کی بہت اہمیت ہے۔ چونکہ عملیاتِ دشمن ''اعمالِ شر'' سے تعلق رکھتے ہیں، اس لیے ان کو کرنے کے لیے نحس وقت سب سے مناسب ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں حضرت عبدالرحیم رحمہ اللہ کی رائے مختصراً درج کی جاتی ہے:

عمل سال کے کس حصہ میں کرنا چاہیے؟

عاملین نے سال کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے:

❶ ثابت ❷ منقلب ❸ ذوجدین

ذوجدین بروج یہ ہیں: جوزا، سنبلہ، قوس اور حوت۔ ان کا تعلق ماہ اساڑھ، کنوار، پوس اور چیت سے ہے۔ ان میں بروج جوزا اور سنبلہ اعمال بغض وعداوت اور ہلاکی دشمنی کیلئے مناسب ہیں مگر برج قوس وحوت اعمال محبت اور تسخیر ترقی وکامیابی ہی کے لئے افضل اور مناسب ہیں۔

اگر عمل برائی مقہوری اعداء، بغض وعداوت وغیرہ کے لئے ہو تو ماہ منقلب میں کرنا چاہئے کیونکہ ان بروج میں سیارہ شمس کو تنزل ہوتا ہے۔ منقلب بروج یہ ہیں: حمل، سرطان، میزان اور جدی۔ ان کا تعلق ماہ بیساکھ، ساون اور کارتک اور ماگھ سے ہے۔

ماہ کے کس حصہ میں عمل کرنا چاہیے؟

چاند کے تیسرے عشرہ میں برائی، ہلاکی، دشمنی، ذلتِ عدو، خرابی کھیت وباغ اور مویشی، قطع اولاد وغیرہ کے عمل کرنا مفید ہے۔ ان کاموں کے لئے خصوصاً اٹھائیسویں وانتیسویں رات بڑا اثر رکھی ہے۔

کس دن عمل کرنا چاہیے؟

منگل (یوم الثلاثہ)..........بغض وعداوت کا عمل کرنا چاہئے۔

بدھ (یوم الاربعہ)..........زبان بندی کا عمل کرنا مفید ہے۔

ہفتہ (یوم السبت)..........زبان بندی، دشمن، جدائی کے اعمال۔

تقسیم اوقات دن

ظہر اور عصر کے درمیان عداوت کے نقوش لکھیں۔

عشاء کے وقت زبان بندی کے نقوش لکھنا مفید ہے۔

یہ تحقیق حضرت عبدالرحیم رحمہ اللہ کی ہے اور اصولِ عملیات کے عین مطابق ہے۔ جہاں تک جنات سے کام لینے کی بات ہے تو اس سلسلے میں جو شرائط جنات سے طے کی جائیں، انھی کی پابندی کرنی ہوتی ہے۔

استاذ العاملین حضرت مولانا محمد امان اللہ نقشبندی رحمۃ اللہ علیہ کے منتخب اعمالِ دشمن

مرتب **اراکین دار العمل چشتیہ**

برائے زبان بندی دشمن

اگر کسی شخص کو دشمن کی زبان بند کرنے کی یا کہ دشمن کو ساکت یا مغلوب کرنے کی ضرورت ہو تو بارہ (۱۲) روز تک تیس (۳۰) مرتبہ حزب البحر (مکمل) پڑھے اور مطلب کا خیال دل میں رکھے۔ اور جب اس مقام پر پہنچے وَاطْمِسْ عَلٰی وُجُوْہِ اَعْدَآئِنَا تو ستر (۷۰) مرتبہ پڑھے "یَاقَاھِرُ ذَالْبَطْشِ الشَّدِیْدُ اَنْتَ الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَاقَاھِرُ" اور کہے "الٰہی شر و مکر فلاں بن فلاں سے بچا اور اس کو اپنے قہر میں مبتلا کر اور اس کی عقل، آنکھ، کان، زبان کو میری طرف سے بند کر دے۔" اور پھر حزب البحر (مکمل) پوری کرے۔ اسی طرح تیس (۳۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کے تمام حواس و عقل و فکر زبان وغیرہ بند ہو جائیں گے اور عامل کے حق میں کوئی برے الفاظ نہ کہہ سکے گا۔ مجرب ہے۔

برائے ہلاکت دشمن

بعد از نمازِ عشاء، پاک جگہ پر، سات (۷) یوم تک مندرجہ ذیل آیت بارہ سو (۱۲۰۰) بار بلا ناغہ، دشمن کا تصور کر کے پڑھیں۔ ان شاء اللہ سات (۷) یوم تک دشمن ہلاک ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

وَمَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ وَلٰکِنَّ اللّٰہَ رَمٰی (الانفال:۱۷)

دشمن کو ذلیل و رسوا کرنے کیلئے

اَللّٰھُمَّ سَخِّرْلِیْ اَعْدَائِیْ کَمَا سَخَّرْتَ الرِّیْحَ لِسُلَیْمَانَ بن داؤد علیہ السلام وَ لَیِّنْھُمْ کَمَا لَیَّنْتَ الْحَدِیْدَ لِدَاؤدَ علیہ السلام وَ ذَلِّلْھُمْ کَمَا ذَلَّلْتَ فِرْعَوْنَ لِمُوْسٰی علیہ السلام

بِحَقِّ کٰھٰیٰعٓصٓ وَ بِحَقِّ حمعسق صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَرْجِعُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ صُمٌّ بُکْمٌ عُمْیٌ فَھُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ۔ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ والحمد للہ رب العلمین۔

طریقہ ہر روز قبل نمازِ فجر، با تصور دشمن گیارہ بار پڑھنا ہے۔ ان شاء اللہ دشمن یا خاموش ہو جائے گا یا ذلیل ہو گا اور رسوا ہو گا۔

برائے فتح و نصرت

وَافْتَحْ لَنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْفَاتِحِیْنَ...... پچیس (۲۵) بار ہر نماز کے بعد پڑھے۔ اس کو دشمن پر فتح و نصرت حاصل ہو گی۔

برائے حفاظت

وَاحْفَظْنَا فَاِنَّکَ خَیْرُ الْحٰفِظِیْنَ۔ ہر نماز کے بعد پڑھنے سے اللہ اس کی فرشتوں کے ذریعے دشمن سے حفاظت فرمائیں گے۔

برائے نجات از دشمن

اگر زیادہ ضرورت ہو یا دشمن زیادہ تنگ کرے تو ہر نماز کے بعد پڑھے۔ اگر زیادہ ضرورت ہو یا دشمن زیادہ تنگ کرے تو بعد از نماز عصر پڑھنا شروع کرے، بلا تعداد و بلا کلام و بلا قید کے نماز مغرب تک پڑھے اور جب مغرب کی اذان ہو، سجدہ کرے اور سجدہ میں اپنی حاجت طلب کرے اور جب اَللّٰھُمَّ یَسِّرْ لَنَا اُمُوْرَنَا پر پہنچے تو اس جملہ کو گیارہ بار تکرار کرے اور مطلب ذہن میں رکھ کر گیارہ بار پڑھے "یا مسیر کل عسر"، اسی طرح تین روز تک متواتر عمل کرے۔ ان شاء اللہ وہ مشکل حل ہو جائے گی۔

اولیاء اللہ اور بزرگانِ دین کے منتخب کردہ عملیاتِ دشمن

انتخاب: اراکین دار العمل چشتیہ

حضرت ابو حامد الغزالی رحمہ اللہ

دشمن کا حصار اور اس کو لڑنے سے روک دینا

مندرجہ ذیل آیات لکھو۔ اور ایسے درخت پر لٹکا دو، جس میں کانٹے نہ ہوں، ایسے شخص کے ذریعہ جو خائف القلب (دل کا ڈرا ہوا) اور کمزور ہو تو دشمن نہ ہتھیار اور نہ نیزے اٹھائیں گے ہمیشہ، آیات حرمت کی وجہ سے۔ اور نہ وہ دشمنی کو عملی شکل دینے پر قادر ہوں گے، جبکہ آیات درخت پر معلق ہوں۔ آیات یہ ہیں:

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِرُسُلِهِمْ لَنُخْرِجَنَّكُمْ مِّنْ اَرْضِنَآ اَوْ لَتَعُوْدُنَّ فِيْ مِلَّتِنَا فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ لَنُهْلِكَنَّ الظّٰلِمِيْنَ۔ وَلَنُسْكِنَنَّكُمُ الْاَرْضَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ ذٰلِكَ لِمَنْ خَافَ مَقَامِيْ وَخَافَ وَعِيْدِ۔ اربطت باسماء اللہ تعالی و بھذہ الآیات ایدی قبیلة فلان۔ اللّٰھم اربط عنا ھذہ القبیلة المذکورة بید کل جائر و فاسد و قاتل و کافر و منافق و فاسق و ظالم من قبیلة بنی فلاں بنوں الآیات ایدی قبیلة وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ۔ مِّنْ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ۔ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ۔ مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ كَرَمَادِ اشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰى شَيْءٍ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ۔ اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْحَقِّ اِنْ يَّشَاْ يُذْهِبْكُمْ وَيَاْتِ بِخَلْقٍ جَدِيْدٍ۔ وَّمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيْزٍ۔ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ جَمِيْعًا فَقَالَ الضُّعَفٰٓؤُا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْٓا اِنَّا كُنَّا لَكُمْ تَبَعًا فَهَلْ اَنْتُمْ مُّغْنُوْنَ عَنَّا مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ مِنْ شَيْءٍ قَالُوْا لَوْ هَدٰىنَا اللّٰهُ لَهَدَيْنٰكُمْ سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَجَزِعْنَآ اَمْ صَبَرْنَا مَا لَنَا مِنْ مَّحِيْصٍ۔ اللّٰھم ابط عنا ھذہ القبیلة المذکورة بید کل جائر و فاسد و قاتل و کافر و منافق و ظالم من قبیلة بنی فلاں بنوں وَالْقَلَمِ وَمَا يَسْطُرُوْنَ۔

اس تعویذ کو باوضو لکھنا اور قبلہ رخ ہو کر صلوٰۃ الحاجت پڑھنا شرط ہے۔

دشمن کو کمزور کر دینا

جب تم چاہو کہ تمہارا دشمن مرجائے یا کمزور ہو جائے تو اس کے نقش قدم پر اس کے پیچھے سات دن تَبَارَكَ الَّذِیْ بِیَدِهِ الْمُلْكُ آخر سورت تک تلاوت کرو تو وہ اللہ کے حکم سے کمزور ہو جائے گا۔ ناجائز کام کرنے والے کیلئے اپنی جان کا خطرہ ہے۔ (بشرطیکہ مقصد ناجائز نہ ہو)

دشمن کا بستی اور علاقہ میں داخلہ بند کر دینا

اگر تم چاہو کہ دشمن تیری بستی میں داخل نہ ہو سکے تو بستی کے بیچ میں جا کر جبکہ تمہارا رخ قبلہ کی طرف اور آنکھیں بند ہوں تو سورۃ قدر تلاوت کرو۔ پھر اسی طرح مشرق کی طرف رخ کر کے، پھر اسی طرح مغرب کی طرف اور اسی طرح سمندر کی طرف رخ کر کے اور پھر اسی طرح آسمان کی طرف رخ کر کے، پھر اسی طرح زمین کی طرف کر کے۔ لیکن ہر مرتبہ سورۃ قدر ایک مرتبہ تلاوت کرے۔ پھر مشرق کی طرف رخ کرے اور کہے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَوْدِعُكَ اَهْلَ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ كَبِيْرَهُمْ وَصَغِيْرَهُمْ

وَذَكَرَهُمْ وَاُنْثَا هُمْ وَاَحْرَارَهُمْ وَعَبِيْدَ هُمْ وَاِبِلَهُمْ وَبَقَرَهُمْ وَغَنَمَهُم ۔پھر ہر کونے کی طرف رخ کرے اور کہے حَفِظَكُمُ اللّٰهُ يَآاَهْلَ الْقَرْيَةِ وَمَوَاشِيْهَا ۔اللہ کی مدد سے تعویذ مکمل ہوا۔

دشمن جب مشرق کی طرف سے حملہ آور ہو

اگر دشمن مشرق کی طرف سے حملہ آور ہو تو ایک سفید اونٹ لےلو اور اس کو دشمن کے رخ کی طرف ذبح کرو۔ اس کے پاؤں کاٹو اور اس کی اوجڑی پھاڑو اور اس کو دفن کر دو۔ اور پڑھو آیت: وَ اِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِكَةِ اُسْجُدُوْا لِاٰدَمَ اللہ کے قول بَدَلًا تک (کہف:۵۰) پچیس (۲۵) مرتبہ اور بیٹھ جاؤ۔ حتیٰ کہ دشمن کو شکست ہو جائے۔ پھر مٹی اٹھاؤ اور یہ آیت پڑھو: وَ اِذْ غَدَوْتَ مِنْ اَهْلِكَ سے اللہ تعالیٰ کے قول فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ تک۔ اور اس مٹی پر پڑھ کر قتال کی جگہ میں رکھ دو۔ اور دشمن کے پیچھے مت جاؤ تو اللہ کے حکم سے کامیاب ہو جاؤ گے۔

دشمن سے حفاظت اور جنگ کا وظیفہ

ایک کالا بکرا لو اور سات نجات دینے والی سورتیں پڑھو۔ پہلی سورۃ جن دو مرتبہ، دوسری سورۃ یٰس تین مرتبہ، تیسری سورۃ دخان چار مرتبہ، چوتھی سورۃ واقعہ پانچ مرتبہ اور پانچویں سورۃ حشر چھ مرتبہ۔ پھر چھٹی تبارک الذی بیدہ الملک سات مرتبہ اور ساتویں ھل اتی علی الانسان سات مرتبہ۔

پھر سات مرتبہ سورہ مہلکات پڑھو۔ پہلی سورۃ ذاریات دو مرتبہ، دوسری ویل للمطففین تین مرتبہ، تیسری سورۃ بروج چار مرتبہ، چوتھی سورۃ طارق پانچ مرتبہ، پانچویں سورۃ شمس چھ مرتبہ، چھٹی سورۃ لیل سات مرتبہ، ساتویں والتین سات مرتبہ۔

پھر سورۃ مکنات پڑھو۔ پہلی سورۃ نبا دو مرتبہ، دوسری سورۃ بروج تین مرتبہ، تیسری سورۃ طارق چار مرتبہ، چوتھی سورۃ اعلیٰ پانچ مرتبہ، پانچویں سورۃ غاشیہ چھ مرتبہ، چھٹی سورۃ قدر سات مرتبہ، ساتویں سورۃ لم یکن الذین کفروا سات مرتبہ۔

پھر سورۃ معطلات تلاوت کرے۔ جن کی پہلی سورۃ کوثر دو مرتبہ، دوسری سورۃ کافرون تین مرتبہ، تیسری سورۃ فتح چار مرتبہ، چوتھی سورۃ لھب پانچ مرتبہ، پانچویں سورۃ اخلاص چھ مرتبہ، چھٹی سورۃ فلق سات مرتبہ، ساتویں سورۃ ناس سات مرتبہ۔

پھر کہو ما مای مقد میہما مدلشیجیاری ماجنیو۔ پھر ایک ہاتھ گہرا گڑھا کھودو۔ پھر سفید مینڈھا لو اور اس کو گڑھے کے اوپر چت لٹا دو اور اس پر ذبح کر کے اس گڑھے میں اس کو دفن کر دو اور اس میں سے کچھ نہ کھاؤ۔ اور سورۃ انعام چار مرتبہ تلاوت کرو اور سورۃ فجر چار مرتبہ اور سورۃ یٰس چار مرتبہ۔ پھر ایک اور مینڈھے کو ذبح کرو اور اس کو پتھر کی ہانڈی میں ڈالو اور سورۃ انعام پڑھنے کے بعد مینڈھے کے گوشت کو جو ہانڈی میں ہے، تین حصے کرو۔ ایک حصہ فقراء کو اور دوسرا حصہ مساکین کو اور تیسرا حصہ پڑوسیوں کو ہدیہ کر دو تو اللہ تعالیٰ ایسا کرنے والوں کو ان کے دشمن سے امن میں رکھے گا۔ اگرچہ ان کی تعداد زمین اور آسمان بھر کے ہو، اس ترکیب کی برکت سے۔

سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاءؒ

دشمن بال نہ بیکا کر سکیں گے

سلطان المشائخ خواجہ نظام الدین اولیاء رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حضرت خواجہ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے سورۂ مزمل کی تفسیر میں لکھا ہے کہ جو شخص اس سورت کا ورد رکھتا ہو، اسے خواہ لاکھ دشمن، حاسد، جادوگر، ظالم اور بدخواہ تکلیف پہنچانا چاہیں، اس کا بال بیکا نہیں کر سکتے۔ سب مغلوب ہو جائیں گے۔

حضرت مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی ؒ

دشمنوں کی شرارت دفع کرنا

دنیوی دشمنوں کی شرارت دفع کرنے کے لیے یہ دعا مجرب ہے۔ اسے پڑھتا رہے، طہارت اور گنتی اور دیگر شرائط کی قید نہیں۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

دشمنوں کو دفع کرنا

سورۃ تبت یدا اور سورۃ الم ترکیف کا پڑھنا بھی دفع اعداء کے لیے مجرب ہے۔

دشمن کی دشمنی سے حفاظت کے لیے

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (بقرۃ: ۱۳۷)

یہ فقرہ سب چیزوں سے بہت نفع کا ہے۔ دشمنوں کے شر سے کفایت طلب کرنے کو۔ اگر پڑھنے والا نماز کا شوق رکھتا ہے تو آیت ہذا کو چار رکعت میں تین سو مرتبہ یعنی ہر رکعت میں پچھتر پچھتر (۷۵) بار پڑھے۔ اگر فرصت نہ ہو تو دو رکعت میں پڑھے اور ہر رکعت میں پچاس پچاس (۵۰) مرتبہ اور جو پڑھنے والا ذکر کا شوق رکھتا ہے تو ایک ہزار بار ہر روز ختم کرے۔

دشمن کو ساقط اور مغلوب کرنے کے لیے

دشمن کو ساقط اور مغلوب کرنے کے واسطے بارہ روز تک ہر روز تیس (۳۰) بار تمام حزب البحر پڑھے اور مطلب دل میں رکھے۔ تیسویں (۳۰) دفعہ پڑھنے میں جب وَاطْمِسْ عَلٰى وُجُوْهِ اَعْدَائِنَا پر یا شَاهَتِ الْوُجُوْهُ پر پہنچے تو ستر (۷۰) بار کہے يَاقَاهِرُ ذَا الْبَطْشِ الشَّدِيْدِ اَنْتَ الَّذِيْ وَيُطَاقُ اِنْتِقَامُهٗ يَاقَاهِرُ۔ اس کے بعد کہے ”خداوند! فلاں بن فلاں کو اپنے قہر میں مبتلا کر اور آنکھ اور کان اور زبان اس کی بند کر۔“

ہمارے حضرت ولی نعمت رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ جو شخص دین میں دشمنی رکھتا ہو، اس کے واسطے شَاهَتِ الْوُجُوْهُ کے بعد اس کلام کا پڑھنا بہت مناسب ہے اور جو شخص دشمنی دنیا کے امور میں رکھتا ہو، اس کے واسطے وَاطْمِسْ کے بعد مناسب ہے۔

حضرت مولانا شاہ رفیع الدین رحمہ اللہ

برائے فتح مقدمہ وغیرہ بر دشمن و تسخیر حکام بہت مجرب

۷۸۶

۸	۹۴	۹۷	۱
۹۶	۲	۷	۹۵
۳	۹۹	۹۲	۶
۹۳	۵	۴	۹۸

یا اللہ جل جلالہ بہ برکت ایں نقش ہر بلا دفع شود جملہ حکام مسخر شوند

شیخ الاسلام حضرت مولانا حسین احمد مدنی ؒ

دشمن سے حفاظت

اگر کسی شخص کا واسطہ دشمنوں سے پڑ جائے یا کسی سے بلا وجہ دشمنی پیدا ہو جائے یا کوئی حسد کی وجہ سے دشمن بن جائے یا احسانات کو بھلا کر دشمنی کرنے لگے تو اس کے شر اور فتنہ سے محفوظ رہنے کے لیے نمازِ فجر کی سنت اور فرض کے درمیان روزانہ بلا ناغہ اول و آخر درود شریف تین تین بار اور درمیان میں چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ہر طرح دشمن کی شرارت، اس کے نقصان پہنچانے سے محفوظ رہے گا۔

حضرت مولانا عبدالقادر رائے پوریؒ

دشمن سے حفاظت کے لیے عمل

بعد نمازِ عشاء اول و آخر درود شریف ایک تسبیح، پانچ تسبیح ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (ال عمران:۱۷۳)''، پھر سجدے میں سر رکھ کر ''رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ (القمر:۱۰)'' ایک تسبیح پڑھ کر عاجزی سے دعا کرے۔ دشمنوں کے شر سے حفاظت رہے گی اور عزت و آبرو حاصل ہوگی۔ عمل کا اخفاء زیادہ نفع مند ہوگا۔

دشمن یا بادشاہ کا خوف

جب کسی بادشاہ حاکم وغیرہ سے تکلیف پہنچی یا کسی ظلم کا اندیشہ ہو تو یہ عمل جو کہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ سے بطریق حضرت شیخ عبدالقادر گیلانی رحمۃ اللہ علیہ منقول ہے، بعد نمازِ تہجد گیارہ سو (۱۱۰۰) مرتبہ آیت کریمہ ''لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (الانبیاء:۸۷)'' پڑھے اور اول و آخر اس آیت پڑھنے کے گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ طہارتِ مکان و جسم، حفظِ مکان و زمان شرط ہے۔

عمل برائے دفع دشمنان

بعد نمازِ عشاء دو رکعت پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد سورۂ فیل سات (۷) مرتبہ پڑھے۔ سلام پھیرنے کے بعد آیت وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ ؕ وَقَدْ خَابَ مَنْ حَمَلَ ظُلْمًا (طٰہٰ:۱۱۱) چالیس (۴۰) مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ دشمن چلا جائے گا۔

حضرت مولانا مفتی محمد شفیع رحمہ اللہ

ظالم دشمن کے شر سے نجات حاصل کرنے کے لیے

دن رات میں کوئی فارغ وقت مقرر کر کے سورۂ ''لایلف قریش'' اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر انگشتِ شہادت سے اس کے قلب کی طرف ضرب کا اشارہ کرے۔ یہ عمل ایک جلسے میں تین مرتبہ کر کے اٹھ جائے۔ اگلے روز اسی وقت پھر یہی عمل کرے۔ چند روز تک مسلسل یہ عمل کرتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن مغلوب ہوگا اور اس کے ظلم سے نجات حاصل ہوگی۔ یہ عمل والد صاحب کو حکیم عبدالوہاب صاحب انصاری معروف حکیم نابینا دہلوی سے حاصل ہوا اور لکھا ہے کہ مجرب ہے۔

دشمن کے مقابلے میں نصرت

مندرجہ ذیل نقش کو لوہے یا تانبے کے ٹکڑے پر نقش کر کے اپنے گھر میں رکھے، یہ نہ ہو تو کاغذ ہی پر لکھ کر اپنے پاس رکھے، لوگوں کی نظر میں عزت اور دشمنوں کے مقابلے میں نصرت اور رزق میں برکت ہوگی۔

(از شمس المعارف ج:۲ ص:۸۸)

م	ی	ک	ح	ز	ی	ز	ع
ک	ح	ز	ی	ز	ع	م	ی
ز	ی	ز	ع	م	ی	ک	ح
ز	ع	م	ی	ک	ح	ز	ی
ی	ک	ح	ز	ی	ز	ع	م
ح	ز	ی	ز	ع	م	ی	ک
ی	ز	ع	م	ی	ک	ح	ز
ع	م	ی	ک	ح	ز	ی	ز

ربـ ـنا / علـ ـیک / توکلـ ـنا / والـ ـیک / ابـ ـنا / والـ ـیک / المصـ ـیر / ربنـ ـالا / تجعـ ـلنا

برائے دفع شر اعداء

بعد مغرب اکتالیس (۴۱) مرتبہ ''لایلف قریش'' پڑھا کریں اور حضرت گنگوہیؒ سے منقول ہے کہ دفعِ شر اعداء کے لیے ''حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ'' بکثرت پڑھے، کوئی تعداد متعین نہیں۔

حضرت مولانا شفیق الرحمٰن درخواستیؒ

دشمن کے شر سے حفاظت

حفاظت از شرِ دشمنان کے لئے مذکورہ آیات ودعا تین مرتبہ پڑھیں۔ اوّل وآخر درود شریف پڑھیں۔

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الْاَنْبِيَآءِ: ۱۰۷﴾

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ﴿سُوْرَةُ الشُّوْرٰى: ۱۹﴾

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ﴿سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرٰنَ: ۱۷۳﴾

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿سُوْرَةُ التَّوْبَةِ: ۱۲۹﴾

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا ﴿سُوْرَةُ هُوْدٍ: ۶﴾

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِيَتِهَا ﴿سُوْرَةُ هُوْدٍ: ۵۶﴾

وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآىِٕهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿سُوْرَةُ الْبُرُوْجِ: ۲۰﴾

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ: ۱۳۷﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمِ

اِنَّ وَلِيِّۦَ اللّٰهُ الَّذِيْ نَزَّلَ الْكِتٰبَ ۖ وَهُوَ يَتَوَلَّى الصّٰلِحِيْنَ ﴿سُوْرَةُ الْاَعْرَافِ: ۱۹۶﴾

فقیہ العصر مفتی اعظم حضرت مولانا محمد فریدؒ

فراخیٔ رزق اور دشمن سے حفاظت کے لئے

سورۃ القریش اول وآخر تین مرتبہ درود شریف، صبح وشام دس (۱۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر فرصت ہو تو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھنا ہے۔

حضرت مولانا حکیم محمد اشفاق صاحب رائے پوریؒ

دفعِ خوف ورنج وغم، دشمن پر غلبہ، خیر وبرکت

بعض محققین نے لکھا ہے کہ اگر کسی شخص کو خوف یا رنج وغم کی بیماری ہو تو ذیل کی آیات لکھ کر پہن لے، ان شاء اللہ، خوف ورنج جاتا رہے گا۔ اسی طرح دشمن پر غلبہ اور کاموں میں خیر وبرکت، نیز امراض باطنیہ سے حفاظت بلکہ ہر جسمانی تکلیف کے لیے مفید ہے۔ ذیل کی یہ دونوں آیات ان خصوصیات کی حامل ہیں کہ ان میں تمام حروفِ تہجی جمع ہو گئے ہیں۔

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿اٰل عمران: ۱۵۴﴾

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّاۗءُ عَلَي الْكُفَّارِ رُحَمَاۗءُ بَيْنَهُمْ تَرٰىهُمْ رُكَّعًا سُجَّدًا يَّبْتَغُوْنَ فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانًا ۡ سِيْمَاهُمْ فِيْ وُجُوْهِهِمْ مِّنْ اَثَرِ السُّجُوْدِ ۭ ذٰلِكَ مَثَلُهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ ڔ وَمَثَلُهُمْ فِي الْاِنْجِيْلِ ڔ كَزَرْعٍ اَخْرَجَ شَطْئَهٗ فَاٰزَرَهٗ فَاسْتَغْلَظَ فَاسْتَوٰى عَلٰي سُوْقِهٖ يُعْجِبُ الزُّرَّاعَ لِيَغِيْظَ بِهِمُ الْكُفَّارَ ۭ وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا عَظِيْمًا ﴿الفتح: ۲۹﴾

منتخب عملیاتِ دشمن

حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ

دشمن پر بحث میں غالب ہو

يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمْ بُرْهَانٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكُمْ نُوْرًا مُّبِيْنًا ﴿۱۷۴﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ ۙ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ﴿۱۷۵﴾ (النسآء: ۱۷۴-۱۷۵)

دشمن پر بحث میں غالب ہونے کے واسطے اتوار کے روز روزہ رکھے اور ایک چمڑے کے ٹکڑے پر لکھ کر باندھ لے۔

کند ذہنی و روسیاہی دشمن

قُلْ يٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ هَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّآ اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ ۙ وَاَنَّ اَكْثَرَكُمْ فٰسِقُوْنَ ﴿۵۹﴾ قُلْ هَلْ اُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِّنْ ذٰلِكَ مَثُوْبَةً عِنْدَ اللّٰهِ ؕ مَنْ لَّعَنَهُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْهِ وَجَعَلَ مِنْهُمُ الْقِرَدَةَ وَالْخَنَازِيْرَ وَعَبَدَ الطَّاغُوْتَ ؕ اُولٰٓئِكَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ عَنْ سَوَآءِ السَّبِيْلِ ﴿۶۰﴾ (المآئدۃ: ۵۹-۶۰)

یہ آیتیں دشمن کی روسیاہی اور کند ذہنی کے لئے ہیں۔ جو شخص ناحق ایذا دیتا ہو اور ظلم کرتا ہو اور تمہاری صبر و شکیبائی پر بھی باز نہ آوے تو جمعرات کا روزہ رکھ کر اور نماز عشاء پڑھ کر ان آیتوں کو کسی وقفی گھر کی ایک مشت خاک پر تیس بار پڑھ کر اس شخص کے گھر میں وہ مٹی چھوڑ دو پھر اس کی جان اور مال کا تماشا دیکھو۔

بربادی، خانہ ویرانی دشمن

وَلَوْ تَرٰۤى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْۤا اَيْدِيْهِمْ ۚ اَخْرِجُوْۤا اَنْفُسَكُمْ ؕ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ تَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ۚ وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ؕ لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ وَضَلَّ عَنْكُمْ مَّا كُنْتُمْ تَزْعُمُوْنَ ﴿۹۴﴾ (الانعام: ۹۳-۹۴)

یہ آیت دشمن کی بربادی و خانہ ویرانی کے لئے ہے۔ جس شخص کا کوئی دشمن ہو اور اس کی ایذا رسانی کے درپے ہو۔ تین پتے درخت بید کے اتوار کے روز طلوع آفتاب سے پہلے اس طرح لے کہ کوئی اس کو نہ دیکھے اور ہر پتے کے ایک رخ پر یہ آیت لکھے اور دوسرے رخ پر ان لوگوں کے نام لکھے مگر لکھتے وقت بھی کوئی نہ دیکھے۔ پھر ہر روز ایک ایک پتہ ان کے پینے کے پانی میں ڈال دے یا ان کے گھر میں جس جگہ موقع ہو رکھ دے۔

ہلاکت دشمن ظالم

وَالَّذِيْنَ لَمْ يَسْتَجِيْبُوْا لَهٗ لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ ؕ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ سُوْٓءُ الْحِسَابِ ۙ وَمَاْوٰىهُمْ جَهَنَّمُ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۸﴾ (الرعد: ۱۸) اور

وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللّٰهُ بِهٖۤ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ (الرعد: ۲۵)

جو شخص اپنے دشمن کو ہلاک کرنا چاہے تو مہینہ کی اٹھائیس تاریخ کو روزہ رکھے اور اگر اتفاق سے ہفتہ کا دن پڑ جائے تو بہت خوب ہے پھر جو کی روٹی پر افطار کرے پھر آدھی رات کے وقت اٹھ کر جنگل میں جا کر یا خالی گھر کی چھت پر جا کر کندر اور سندروس کی دھونی سلگا کر یہ دونوں آیتیں سات مرتبہ پڑھے اور اس کی ہلاکت کے لئے بددعا کرے مگر حد شرعی سے تجاوز نہ کرے۔ یعنی جس قدر نقصان پہنچانا اس کو شرعاً جائز ہو اس سے زیادہ بددعا نہ کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ذلیل و خوار ہوگا۔

منتخب عملیاتِ دشمن

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ (کراچی)

دشمن سے حفاظت

❶ فجر کے فرض اور سنّت کے درمیان چالیس (۴۰) مرتبہ سورۂ فاتحہ، اوّل و آخر درود شریف تین تین بار پڑھ لیا کریں۔

❷ روزانہ مغرب کی نماز یا عشاء کی نماز کے بعد باوضو سورۂ قریش مع بسم اللہ ایک سو ایک (۱۰۱) مرتبہ پڑھ لیا کریں۔

صبح کی نماز کے بعد سات مرتبہ اس آیت کو پڑھا کریں

حَسْبِيَ اللّٰهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ؕ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹)

دشمن کے شر کو ختم کرنے کیلئے

یَا لَطِیْفُ سوا لاکھ مرتبہ پڑھیں۔ اس کے بھی اول و آخر میں درود شریف ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھیں۔ یہ بھی اکیلے پڑھ سکتے ہیں، کچھ لوگ جمع ہو کر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ جب اس کی تعداد سوا لاکھ پوری ہو جائے تو اب روزانہ کسی بھی وقت گیارہ سو بار یَا لَطِیْفُ پڑھنا شروع کر دیں اور گیارہ سو مرتبہ روزانہ اس وقت تک پڑھتے رہیں، جب تک شادی ہو کر دلہن رخصت نہ ہو جائے۔ درمیان میں ناغہ نہ کریں۔ بد دل ہو کر نہ چھوڑیں اور اپنے گناہوں کی معافی مانگتے رہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

دشمن کی نیند اور کھانا پینا باندھنا

اگر شرعی اعتبار سے کسی سخت جانی دشمن سے واسطہ پڑ جائے کہ اس کی نیند کی بندش کر دی جائے اور اس کا پانی پینا بند کر دیا جائے تو مندرجہ ذیل نقش باوضو لکھ کر موم جامہ کر کے اپنے دائیں بازو پر باندھ لے۔ عورت اپنے بائیں بازو پر باندھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ دشمن کا کھانا، پینا اور سونا سب بند ہو جائے گا اور وہ پریشان ہو کر شرارت سے باز آجائے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

٦	٧	٢
١	٥	٩
٨	٣	٤

تنبیہ: اس نقش کو ضرورت کے وقت باندھے اور چند دن بعد کھول کر رکھ دے۔ کسی کو بلاوجہ ستانا سخت گناہ ہے۔ بہتر یہ ہے کہ یہ نقش لکھنے سے قبل کسی عالمِ دین متقی بزرگ سے مشورہ کر لے تاکہ ہر قسم کے حقوق العباد کے گناہ سے محفوظ رہے۔

دشمن کی طاقت توڑنا اور دشمن کو برباد کرنا

اگر دشمن نے مورچہ لگایا ہوا اور اپنے مورچہ میں بیٹھ کر فائرنگ کرتا ہو، گولی چلاتا ہو، گھر سے بے گھر کرنا چاہتا ہو یا دوکان سے نکالنا چاہتا ہو، ناحق تنگ کرتا ہو یا ظلم وستم ڈھاتا ہو تو ان تمام امور سے حفاظت کے لیے سورۂ فیل باوضو لکھ کر کالے کپڑے میں لپیٹ کر نیم کے درخت کی شاخ میں باندھ دی جائے۔

ان شاء اللہ، دشمن مکان یا دوکان یا مورچہ چھوڑ دیں گے اور تباہ حال ہوں گے۔

ف صرف سخت جانی دشمن کے لیے اجازت ہے۔ ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ صبر کرلے تو بہتر ہے۔

سورۂ فیل یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِاَصْحٰبِ الْفِيْلِ ﴿۱﴾ اَلَمْ يَجْعَلْ كَيْدَهُمْ فِيْ تَضْلِيْلٍ ﴿۲﴾ وَّاَرْسَلَ عَلَيْهِمْ طَيْرًا اَبَابِيْلَ ﴿۳﴾ تَرْمِيْهِمْ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّيْلٍ ﴿۴﴾ فَجَعَلَهُمْ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ ﴿۵﴾

کراماتِ جفر

دشمن کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کا خاص الخاص عمل

محمد اسد اللہ سلیمانی (جھنگ)

قارئین کی خدمت میں ایک ایسے عمل کا اظہار کر رہا ہوں جو کافی عرصہ سے میرے سینے میں دفن تھا۔ جس کا اثر فوری طور پر ہوتا ہے۔ لیکن ایسے عمل کا وہاں استعمال کرنا چاہیے جہاں شریعت اجازت دے ورنہ اس عمل کے جلالی موکلات نقصان بھی دے سکتے ہیں۔ یہ صرف وہاں کیا جائے جب دشمن کسی بھی طریقے سے صلح کرنے پر راضی نہ ہوتا ہو۔ اور آپ واقعی سچی محبت کا ہاتھ بڑھانا چاہتے ہوں تو وہاں یہ عمل بڑا کام دکھاتا ہے۔ یعنی دشمن کے دل میں اپنی محبت پیدا کرنے کا خاص الخاص عمل ہے۔ طریقہ عمل یہ ہے کہ نئے چاند کے پہلے جمعہ کو ساعت زہرہ میں شروع کرنا ہے۔ رجال الغیب پشت پر ہو اور بخور خوشبو دار اچھی کوالٹی کا جلائیں۔ پھر مصلے پر بیٹھ جائیں اور آیۃ الکرسی اور چاروں قل شریف تین، تین بار اپنے اوپر پڑھ کر دم کرلیں۔ پھر مندرجہ ذیل نقش مبارکہ مشک وزعفران سے دو عدد تیار کرلیں اور مندرجہ ذیل عبارت عمل 4500 بار پڑھ کر دم کردیں۔ اور بعد میں شیرینی تقسیم کردیں۔ اسی طرح 11 روز کرنا ہے۔ پھر ایک نقش مبارکہ آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دیں جہاں مچھلیاں ہوں اور دوسرا اپنے پاس رکھ لیں۔ اور وظیفہ روزانہ 110 بار پڑھتے رہیں۔ پورے تصور کے ساتھ اور سکیورٹی سے عمل کرنا ہے۔ ان شاء اللہ دشمن کے دل میں آہستہ آہستہ محبت پیدا ہونا شروع ہوجائے گی۔ اس عمل کی اجازت مجھ سے ضرور لیں تاکہ مکمل فائدہ ہو۔ ایسے عامل سے ہرگز اجازت نہ لیا کریں جس نے خود عمل کیا نہیں ہوتا ورنہ عمل کے اثرات شروع نہیں ہوتے اور مکمل فائدہ نہیں ہوتا۔ جیسے اگر آپ کار سیکھنا چاہتے ہوں تو پہلے آپ وہ استاد تلاش کریں گے جو کار اچھی طریقے سے جانتا ہوگا۔ تب آپ کو کار چلانا آئے گی۔ اسی طرح عملیات کا کام بھی ہے، بہرحال عقلمند کیلئے اشارہ کافی ہے۔ عبارت عمل یہ ہے:

''یا جبرائیل یابدوح یادردائیل یابدوح یاافتائیل یا بدوح یا تنکافیل یا بدوح دشمنی ختم ہو فلاں بن فلاں سے اور شدت محبت پیدا ہو بحق و بحرمت یابدوح یا مستطیع یاجامع یاودود''

نقش مبارکہ یہ ہے:

جبرائیل — بسم اللہ الرحمن الرحیم — میکائیل

۱۱۲۱	۱۱۳۵	۱۱۳۲	۱۱۲۸
۱۱۳۳	۱۱۲۷	۱۱۲۲	۱۱۳۴
۱۱۲۶	۱۱۳۰	۱۱۳۷	۱۱۲۳
۱۱۳۶	۱۱۲۴	۱۱۲۵	۱۱۳۱

کھیعص — حمعسق

یہاں عبارت عمل لکھیں

وکفیٰ باللہ شہید محمد رسول اللہ

دشمنوں کی نظر سے مستور رہنے کا عمل

حضرت مولانا محمد اسحاق

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب مشرکین کی آنکھوں سے مستور ہونا چاہتے تو قرآن کی تین آیتیں پڑھ لیتے تھے، اس کے اثر سے کفار آپ کو نہ دیکھ سکتے تھے۔ وہ تین آیتیں یہ ہیں۔ ایک آیت سورۂ کہف میں ہے یعنی

إِنَّا جَعَلْنَا عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ أَكِنَّةً أَن يَفْقَهُوهُ وَفِي آذَانِهِمْ وَقْرًا ﴿٥٧﴾ (الکہف:۵۷)

دوسری آیت سورۂ نحل میں ہے:

أُولَٰئِكَ الَّذِينَ طَبَعَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ وَأَبْصَارِهِمْ ﴿١٠٨﴾ (النحل:۱۰۸)

اور تیسری آیت سورۂ جاثیہ میں ہے:

أَفَرَأَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلَٰهَهُ هَوَاهُ وَأَضَلَّهُ اللَّهُ عَلَىٰ عِلْمٍ وَخَتَمَ عَلَىٰ سَمْعِهِ وَقَلْبِهِ وَجَعَلَ عَلَىٰ بَصَرِهِ غِشَاوَةً فَمَن يَهْدِيهِ مِن بَعْدِ اللَّهِ ۚ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿٢٣﴾ (الجاثیہ:۲۳)

حضرت کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کا یہ معاملہ میں نے ملک شام کے ایک شخص سے بیان کیا، اس کو کسی ضرورت سے رومیوں کے ملک میں جانا تھا۔ وہاں گیا اور ایک زمانہ تک وہاں مقیم رہا۔ پھر رومی کفار نے اس کو ستایا تو وہ وہاں سے بھاگ نکلا۔ ان لوگوں نے اس کا تعاقب کیا۔ اس شخص کو وہ روایت یاد آ گئی اور مذکورہ تین آیتیں پڑھیں، قدرت نے ان کی آنکھوں پر ایسا پردہ ڈالا کہ جس راستہ پر یہ چل رہا تھا، اسی راستہ پر دشمن گزر رہے تھے مگر وہ ان کو نہ دیکھ سکتے تھے۔

امام ثعلبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ سے جو روایت نقل کی گئی ہے، میں نے ”رے“ کے رہنے والے ایک شخص کو بتلائی۔ اتفاق سے دیلم کے کفار نے اس کو گرفتار کر لیا۔ کچھ عرصہ ان کی قید میں رہا۔ پھر ایک روز موقع پا کر بھاگ کھڑا ہوا۔ یہ لوگ اس کے تعاقب میں نکلے مگر اس شخص نے بھی یہ آیتیں پڑھ لیں۔ اس کا اثر یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی آنکھوں پر ایسا پردہ ڈال دیا کہ وہ اس کو نہ دیکھ سکے حالانکہ ساتھ ساتھ چل رہے تھے اور ان کے کپڑے ان کے کپڑوں سے چھو جاتے تھے۔

امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ ان تینوں کے ساتھ وہ آیات سورۂ یٰسین کی بھی ملا لی جائیں جن کو حضور ﷺ نے ہجرت کے وقت پڑھا تھا جبکہ مشرکین مکہ نے آپ ﷺ کے مکان کا محاصرہ کر رکھا تھا، آپ ﷺ نے یہ آیات پڑھیں اور ان کے درمیان سے نکلتے ہوئے چلے گئے بلکہ ان کے سروں پر مٹی ڈالتے ہوئے گئے، ان میں سے کسی کو بھی خبر نہیں ہوئی۔ وہ آیات سورۂ یٰسین کی یہ ہیں:

يسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْآنِ الْحَكِيمِ ﴿٢﴾ إِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِينَ ﴿٣﴾ عَلَىٰ صِرَاطٍ مُّسْتَقِيمٍ ﴿٤﴾ تَنزِيلَ الْعَزِيزِ الرَّحِيمِ ﴿٥﴾ لِتُنذِرَ قَوْمًا مَّا أُنذِرَ آبَاؤُهُمْ فَهُمْ غَافِلُونَ ﴿٦﴾ لَقَدْ حَقَّ الْقَوْلُ عَلَىٰ أَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿٧﴾ إِنَّا جَعَلْنَا فِي أَعْنَاقِهِمْ أَغْلَالًا فَهِيَ إِلَى الْأَذْقَانِ فَهُم مُّقْمَحُونَ ﴿٨﴾ وَجَعَلْنَا مِن بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنَاهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُونَ ﴿٩﴾

امام قرطبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ مجھے خود اپنے ملک اُندلس میں قرطبہ کے قلعہ منثور میں یہ واقعہ پیش آیا کہ میں دشمن کے سامنے بھاگا اور ایک گوشہ میں بیٹھ گیا۔ دشمن نے دو گھوڑے سوار میرے تعاقب میں بھیجے اور میں بالکل کھلے میدان میں تھا کوئی چیز پردہ کرنے والی نہ تھی مگر میں سورۂ یٰسین کی یہ آیتیں پڑھ رہا تھا۔ یہ دونوں سوار میرے برابر سے گزرے پھر جہاں سے آئے تھے یہ کہتے ہوئے لوٹ گئے کہ یہ شخص کوئی شیطان ہے کیونکہ وہ مجھے دیکھ نہ سکے۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو مجھ سے اندھا کر دیا۔

(معارف القرآن، ص: ۴۷۹، ۴۸۰، ج۵ قرطبی)

خدا رسیدہ عاملین و بزرگان کے بارہا کے آزمودہ مجربات پر مشتمل نئی اور اہم فوٹوسٹیٹ کتب لینا نہ بھولئے

(1) کلید المجربات المعروف بیاض خاص
مصنف: فیصل حمید نقشبندی
وہ نادر مجرب عملیات کا خزانہ
جو اب تک نہ دیکھے اور نہ سنے ہوں گے۔
ہر عمل اجازت اور باز کاة ہے۔
قیمت: 2000 روپے

(2) گوہر نایاب عملیات
مولف: فیصل حمید نقشبندی قادری
بہترین مجربات کا نادر ذخیرہ
* حاضری موہنی دیوی
* عمل عداوت عجیب
* عمل کشف قبور
قیمت: 1750 روپے

(3) ننگی تلوار
مصنف: پیر عبداللہ شاہ بخاری
کلکتہ کے مشہور عاملوں
اور جادوگروں
کے حیرت انگیز نایاب
ترین عملیات
قیمت: 1200 روپے

(4) مودۃ المطلوب فی حضور الجان (اول، دوئم)
تصنیف: حضرت بابا سید غریب اللہ شاہ
جدائی اور دشمن
کی بربادی کے اعمال
پر لاجواب کتاب
قیمت: 1200 روپے

(5) دیوتا اور بھوت پریت سدھی
تمام دیوتاؤں اور
بھوت پریت وغیرہ کو سدھ کر کے ان
سے حسب منشا کام کروانے کے طریق و
قواعد درج ہیں
قیمت: 850 روپے

(6) اسرار شاہین
مرتب: شاہین کوثر محمد معروف مصری و
ہندی کمالات برنگھم
ایسے نسخے جن سے آپ خاطر خواہ
روحانی نفع حاصل کر سکتے ہیں۔
قیمت: 850 روپے

(7) مجربات شاہین
مصنف: زاہد سلامتپوری
ایسے اعمال جو کبھی خطا نہیں ہوتے۔
اپنی گوناگوں خوبیوں کے
تحت بہترین روحانی معاون
قیمت: 640 روپے

(8) عملیات سمرقندی
تحریر: محمد عمر
عربی، ہندی، بنگالی، حب و دب
عداوت، دشمن کی تباہی، حاضرات
بندش اور علاج
قیمت: 1500 روپے

(9) اسرار قدسی
مصنف: مولانا علیم اللہ مظاہری
متفرق عملیات و تعویذات
کا مجموعہ
قیمت: 350 روپے

(10) گوہر سلیمانی
مرتب:
السید رضی حسین
قیمت: 400 روپے

(11) تردید سحر
محمد تقی فدا کاملی ابن شاہ مدار اللہ
سحر کو باطل کرنے
والی کتاب
قیمت: 450 روپے

(12) تحفۃ الحاضرات
تالیف: پیر ناصر قلندری کوہاٹ
اسماء الحسنیٰ اور قرآنی سورتوں کے نہایت
آسان سپر پاور حاضرات کا خزینہ
قیمت: 640 روپے

(13) اعمال گرہن
تالیف: حافظ زاہد محمود سلامتپوری
سورج گرہن اور چاند گرہن کے حیرت
انگیز فوری اثر مجرب عملیات
قیمت: 850 روپے

(14) کبریت الاحمرین اعمال سورۂ یٰسین
تالیف: صوفی عبدالسلام
اسباب ناکامی اعمال و قواعد کامیابی
قیمت: 450 روپے

(15) کمالات عملیات
تالیف: عامل محمد یاسین قادری
جسمانی بیماریوں کے لاجواب معالجات مع
حب اور زبان بندی کے نایاب اعمال
قیمت: 640 روپے

(16) نقش روحانی کلاں
مرتب: سید جعفر شاہ
آپ کی مشکلات کا واحد حل پوری
طرح اس نسخہ میں موجود ہے
قیمت: 350 روپے

مکتبۃ العارف، 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔ 042-35410586 imo Viber WhatsApp 0332-4487877

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, maktabatulaarif@gmail.com

دارالعمل چشتیہ کا شعبہ آڈیو ویڈیو darulamal.org/multimedia

دشمن کے لیے نایاب روحانی اعمال

ماہر علوم مخفی حضرت پیر صوفی غلام سرور شباب قادری صاحب مدظلۂ العالی (حویلی لکھا)

دشمن کو جگہ سے نکالنا

جب یہ ارادہ ہو کہ دشمن کو اس کے مکان یا محلہ یا قصبہ سے نکال کر آوارہ کر دیں تو سورۂ فیل کے اعداد (۵۸۶۶) میں اس شخص کے نام کے اعداد معہ والدہ ملا کر، حاصل جمع کو مثلث میں پُر کریں اور اس شخص کے مکان یا راہ گزر میں دفن کریں تو مطلب حاصل ہوگا۔

ظالم دشمن کو بیمار کرنا

جب کسی ظالم دشمن کو بیمار کرنا مقصود ہو، تو عدد (۳۴۹۲) آیت

فِیۡ قُلُوۡبِہِمۡ مَّرَضٌ ۙ فَزَادَہُمُ اللّٰہُ مَرَضًا ۚ وَلَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌۢ ۬ۙ بِمَا کَانُوۡا یَکۡذِبُوۡنَ ﴿۱۰﴾ (البقرۃ:۱۰)

میں اس ظالم کا نام معہ والدہ کے اعداد ملا کر مثلث میں لکھیں اور اسی آیت کو ظالم کے نام کے مطابق پڑھ کر نقش پر دم کر کے ظالم دشمن کی راہ گزر یا قبرستان میں دفن کر دیں۔ بے شک ظالم دشمن بیمار ہو جائے گا۔

آوارگی دشمن کے لیے

اس امر کے لیے چند اسماء ہیں، جن کے اعداد (۵۰۴۱) ہیں۔ ان اعداد میں نام دشمن معہ والدہ ملا کر مثلث خالی البطن میں پُر کریں اور مرکز میں کل اعداد لکھیں۔ اور پھر اس نقش کو دشمن کی گزر گاہ یا اُس کے گھر یا چوراہے میں دفن کر دیں۔

اخراج اور استیصال دشمن کے لیے

اس امر کے لیے مقصود آیت ''لَا تَذَرۡ عَلَی الۡاَرۡضِ مِنَ الۡکٰفِرِیۡنَ دَیَّارًا'' کے اعداد نکال کر اس میں نام دشمن معہ والدہ کے اعداد جمع کریں اور (۵۰۴۱) عدد ملا کر کل مجموعہ کو مثلث خاکی معکوس میں پُر کریں۔ اور آیت مذکورہ کو حروف مقطعہ میں لوح کے اردگرد لکھیں۔ اور پھر اسے دشمن کے گھر، راستہ یا قبرستان میں دفن کر دیں۔ مقصد پورا ہوگا۔

انہزام کے لیے

عدد آیت "سَیُہۡزَمُ الۡجَمۡعُ وَیُوَلُّوۡنَ الدُّبُرَ" کے اعداد (۶۱۱) مندرجہ بالا طریقہ کے مطابق دشمن کے نام معہ والدہ کے اعداد میں ملا کر مثلث خاکی معکوس میں پُر کریں۔ اور آیت مذکورہ کو حروف مقطعہ میں لوح کے اردگرد لکھیں۔ ایک نقش لکھ دشمن کی خواب گاہ یا مکان میں دفن کریں۔ اور ایک نقش اسی طرح کا لکھ کر سرکہ میں حل کر کے مطلوب کی جائے سکونت پر چھڑک دیں۔ مقصد پورا ہوگا۔

برائے ہلاکتِ دشمنان

ہفتہ کے روز قبرستان میں بیٹھ کر سات نقش مثلث اس طرح تیار کریں۔ نام دشمن معہ والدہ اور اسم ''قابض'' کے اعداد نکال کر نقش میں پُر کریں اور پھر (۹۰۳) مرتبہ اسم ''قابض'' پڑھیں۔ اس طرح اسم قاہر سے بھی مدد لی جا سکتی ہے۔ ساعت مریخ میں سیاہ روشنائی سے کسی پرانے کپڑے پر نقش لکھیں اور اسم کا ورد کرنے کے بعد قینچی سے پانچ نقوش کے ٹکڑے کاٹیں۔ تصور یہ رکھیں کہ دشمن ٹکڑے ٹکڑے ہو رہا ہے۔ عمل کرنے سے پہلے اپنے اردگرد حصار ضرور کر لیں۔ اسم قاہر کا نقش تیار کریں تو اسے ایک ہزار مرتبہ پڑھیں۔ باقی دو نقوش رہ جائیں گے۔ اب میدہ یا آٹے کے دو پتلے

تیار کریں۔ ان کے پیٹ کے اندر ایک ایک نقش رکھ کر بند کر دیں۔ ایک پتلے کو کسی قبر میں دفن کر کے وہاں سے تھوڑی سی مٹی یہ کہہ کر اٹھائیں۔ اور کہیں!

''اے صاحبِ قبر! فلاں فرد کا مردہ میں نے یہاں دفن کر دیا ہے۔ جس وقت یہ ہلاک ہو گیا تو میں تیرے نام کا ختم کراؤں گا اور پھول چڑھاؤں گا۔''

